QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 173

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 12 جنوری 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنز پر مرمتی اور ٹیسٹنگ کے کام کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 13 جنوری (بروز منگل) مستونگ گرڈ اسٹیشن کے 11kv سٹی ون، سٹی ٹو، کیڈٹ کالج، نواب غوث بخش رئیسانی اسپتال اور سٹی تھری فیڈروں سے صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہیگی نیز اسی روز دالبندین۔چاغی ٹرانسمیشن لائن پر کام کیلئے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک چاغی گرڈ اسٹیشن کے تمام فیڈروں سے بجلی کی فراہمی بند ہوگی اسکے علاوہ 13 جنوری کے روز جھل مگسی گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔علاوہ ازیں 14 جنوری کو (بروز بدھ) 132Kv ٹرانسمیشن لائن پر کام کے باعث ڈھاڈر گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے تا دوپہر 2 بجے جبکہ گنداخہ گرڈ اسٹیشن کے پاور ٹرانسفارمر کی مرمتی کام کیلئے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی کی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔

# # #